# حیسکو پریس ریلیز مورخہ :19.01.2022

## جو صارف بجلی کا بل ادا کرے گا اس کو بجلی ملے گی۔ جبکہ نادہندگان کی بجلی منقطع کی جائے اور بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف فوراً قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی واضح ہدایات اسپیشل ریکوری ٹیموں کا نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف پورے حیسکو ریجن میں کارروائیاں تیز کریں۔

## حیدرآباد، قاسم آباد، لطیف آباد، جامشورو، کوٹری، ٹھٹھہ، نوابشاہ، میرپورخاص، عمرکوٹ، ٹنڈوالہیار، سانگھڑ، سعید آباد و دیگر علاقوں میں نادہندگان کے خلاف کارروائیوں میں 436 کے بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع جبکہ چیکنگ کے دوران 1023 سے زائد بجلی کے غیر قانونی کنڈہ کنکشن کٹوا کے تاریں ضبط کرلی گئیں۔

## بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے مختلف تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

☆ حیدرآباد (            ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی واضح ہدایات ہیں کہ صارفین حیسکو کے محافظ ہیں ہمیں ان کی قدر کرنی ہے، جو صارف بجلی کا بل مقررہ وقت پر کا جمع کرائے گا اس کو بجلی کی مسلسل فراہمی کی جائے گی، بصورت دیگر کے خلاف چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو کی نگرانی میں اسپیشل ریکوری ٹیموں کی مدد سے نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، اس سلسلے میں حیدرآباد، قاسم آباد، لطیف آباد، جامشورو، کوٹری ، ٹھٹھہ ، نوابشاہ، میرپورخاص، عمرکوٹ، ٹنڈو الہیار، سانگھڑ، سعید آباد و دیگر علاقوں میں نادہندگان کے خلاف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 436 کے بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کیئے گئے جن پر حیسکو کے 2 کروڑ 80 لاکھ سے زائد کے واجبات تھے، جبکہ چیکنگ کے دوران 1023 سے زائد بجلی کے بجلی چوروں کے غیر قانونی کنڈہ کنکشن کٹوا کے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئیں۔ اس کے علاوہ متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف نے کہا کہ بجلی چوروں کو کسی بھی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ اسپیشل ریکوری ٹیموں کی پورے حیسکو ریجن میں ان کارروائیاں کو مزید تیز کردیا گیا ہے۔ بجلی چوروں کا خاتمہ اور واجبات کی ادائیگی لازمی کرائیں، کیونکہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلاسکتا، بجلی چوری میں ملوث کسی بھی فرد کو نہیں معاف کرسکتے چاہے وہ حیسکو ملازم ہی کیوں نہ ہو، اس کے خلاف کارروائی مکمل کی جائے گی۔ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کریں تاکہ بجلی کی فراہمی مسلسل میسر ہوسکے، اور آپ کو آنے والے موسم گرما میں کی قسم کی پریشانی سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔